ilmkidunya
علم کی دنیا

Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. متبادل مصارف سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس سے مراد زر کی صورت میں وہ رقم لی جاتی ہیں جو کسی عامل پیدائش کو متبادل استعمال سے ہٹاکر کسی مخصوص استعمال کی طرف راغب کرنے کے لیے ادا کرنی ضروری ہوں.

Q2. آوسط مصارف سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اوسط کل مصارف یا اوسط مصارف سے مراد ہے پیداوار کی کوئی اکائی کل مصارف ہیں. آوسط مصارف معلوم کرنے کے لیے کل مصارف کو پیداوار مقدار پر تقسیم کیا جاتا ہے.

Q3. اوسط مصارف اور مختتم مصارف میں کیا فرق ہے.

Ans 1: جب اوسط مصارف گر رہے ہوں تو مختتم صارف اوسط مصارف سے کم ہوتے ہیں

Ans 2: جب اوسط مصارف گر رہے ہوں تو مختتم مصارف اوسط مصارف کے برابر ہوتے ہیں

Ans 3: جب اوسط مصارف بڑھ رہے ہوں تو مختتم مصارف اوسط مصارف سے زیادہ ہوتے ہیں

Q4. فرم کے مصارف پیدائش سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایک فرم کو شے کی خاص مقدار بنانے پر جو رقم خرچ کرنی پڑتی ہے اس کو مصارف پیدائش کہا جاتا ہے.

Q5. مکمل مقابلہ اور خالص مقابلہ میں کیا فرق ہے.

Ans 1: مکمل مقابلہ: منڈی میں فرموں کا داخلہ اور اخراج آزادانہ ہو.

Ans 2: عاملین پیدائش مکمل طور پر نقل پذیر ہوں.

Ans 3: خریدار اور فروخت کار منڈی کے حالات سے پوری طرح واقف ہوں

Ans 4: خالص مقابلہ: خریدار اور فروخت کاروں کی کثیر تعداد اور کوئی خریدار یا فروخت کار اپنے انفرادی عمل سے قیمت کو متاثر نہ کرسکے

Ans 5: فروخت کی جانے والے شے کی اکائیوں میں یکسانیت ہو.

Q6. فرم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: فرم ایک تنظیم یا اکائی ہوتی ہے جو کسی کاروبار کو کنٹرول کرتی ہے. فرم کے فرائض کاروبار کی بنیاد ڈالنے سے لے کر منافع حاصل کرنے تک پھیلے ہوئے ہیں. مثلا باٹآ کمپنی.

Q7. عرصہ قلیل سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس میں فرم اپنی جسامت کو تبدیل نہیں کر سکتی یعنی اس عرصہ میں کارخانہ کا سائز اور نصب شدہ مشینوں کی تعداد میں تبدیلی نہیں کرسکتی .

Q8. مختتم وصولی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: جو کسی فرد کی اپنی پیداوار کی ایک زائد اکائی فروخت کرنے سے حاصل ہوتی ہے یا پیداوار کی ایک مذید اکائی فروخت کرنے سے کل وصؤلی میں جس قدر اضافہ ہوتا ہے مختتم وصولی کہلاتی ہے.

Q9. عرصہ طویل سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس سے مراد ایسا عرصہ وقت لیا جاتا ہے جس میں فرم اپنا سائز یا جسامت تبدیل کر سکے یعنی اس عرصہ میں فرم اپنے معینہ عاملین پیدائش میں بھی تبدیلی کرسکتی ہے دوسرے لفظوں میں تمام عاملین پیدائش متغیر ہوجاتے ہیں

Q10. اصولی اوسط سے کیا مرادہے.

Ans 1: اوسط وصولی سے مراد وہ رقم ہےجو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی فروخت سے اوسط فی اکائی حاصل ہوتی ہے اسے معلوم کرنے کے لیے کل وصولی کو فروخت کی جانے والی پیدوار کی اکائیوں سے تقسیم کیا جاتا ہے.